بسم اللہ الرحمن الرحیم

# احرام کی نیت کرنے سے قبل خوشبو والا تیل سر پر لگانا

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرع متین اس مسئلہ کے بارے میں کہ احرام کی نیت کرنے سے قبل سر پر خوشبو والا تیل لگانا کیسا ہے؟ جبکہ نیت کے بعد بھی تیل سر پر رہے گا، اس میں کوئی مضائقہ تو نہیں ہے؟

## جواب

احرام کی نیت سے پہلے سر پر خوشبو والا تیل لگانا، جائز ہے، اگرچہ احرام کی نیت کے بعد خوشبو والا تیل سر پر رہے، کیونکہ احرام کی نیت کرنے سے پہلے بدن پر خوشبو لگانا نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے عملِ مبارک سے ثابت ہے۔ بخاری شریف میں ہے

"عن عائشة رضي اللہ عنها قالت: كنت أطيب النبي صلى اللہ عليه وسلم عند إحرامه بأطيب ما أجد" ترجمہ: حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا سے روایت ہے، آپ فرماتی ہیں کہ میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کو آپ کے احرام کے وقت عمدہ سے عمدہ خوشبو، جو مجھے ملتی، وہ لگاتی تھی۔ (صحیح البخاری، صفحہ 1094، رقم الحدیث 5923، دارالکتب العلمیۃ، بیروت)

حدیث میں بیان کردہ خوشبو لگانے کا عمل احرام کی نیت سے پہلے کا ہے، جیساکہ عمدۃ القاری میں ہے "في رواية أبي أسامة: بأطيب ما أقدر عليه قبل أن يحرم ثم يحرم" ترجمہ: حضرت ابو اسامہ کی روایت میں یوں ہے کہ: میں نبی کریم صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے نیتِ احرام کرنے سے پہلے حسبِ قدرت سب سے بہترین خوشبو لگایا کرتی تھی، پھر اس کے بعد آپ صلی اللہ تعالی علیہ وآلہ وسلم نیتِ احرام فرماتے۔ (عمدۃ القاری، جلد 22، صفحہ 61، مطبوعہ: بیروت)

احرام کی نیت سے پہلے بدن اور کپڑوں پر خوشبو لگانا احرام کی سنتوں میں سے ہے، جیساکہ علامہ علی قاری رحمۃ اللہ تعالیٰ علیہ لکھتے ہیں:

"سننه:۔۔۔التطيبُ اى استعمال الطيب في البدن والثوب قبل الاحرام" ترجمہ: احرام کی سنتوں میں سے ایک خوشبو لگانا ہے، یعنی احرام سے پہلے اپنے جسم اور کپڑوں پر خوشبو استعمال کرنا۔ (المسلک المتقسط شرح لباب المناسک، صفحہ 127، مطبوعہ: پشاور)

بہار شریعت میں ہے "بدن اور کپڑوں پر خوشبو لگائیں کہ سنت ہے، اگر خوشبو ایسی ہے کہ اُس کا جِرم باقی رہے گا جیسے مشک وغیرہ تو کپڑوں میں نہ لگائیں۔" (بہار شریعت، جلد 1، حصہ 6، صفحہ 1072، مکتبۃ المدینہ، کراچی)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: ابو الفیضان مولانا عرفان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: WAT-5204

تاریخ اجراء: 06صفر المظفر1448ھ/21جولائی2026ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)

www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net